## 11803 ـ متوفي شخص كي بيوي ، ماں ، بهائي اور بہن ميں تركہ كي تقسيم

**سوال**

ايك شخص فوت ہوا اور اپنے پيچھے بيوي ، بھائي ، بہن اور والدہ سوگوار چھوڑے ان ورثاء ميں اس كا تركہ كيسے تقسيم ہوگا ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

مذكورہ ورثاء ميں اس شخص كا تركہ مندرجہ ذيل طريقہ سے تقسيم كيا جائےگا:

بيوي كوچوتھا اور ماں كو چھٹہ حصہ ملےگا اور باقي تركہ بہن بھائيوں ميں ايك لڑكے كو دولڑكيوں كےبرابر كےحساب سے ديا جائےگا .

مثلا اگر تركہ ( 18000 ) ہزار ڈالر ہو تو :

بيوي كو تركہ كا چوتھا حصہ جو ( 4500 ) ڈالر بنتا ہے ملےگا .

اور ماں كو تركہ كا چھٹا حصہ جو ( 3000 ) ڈالر بنتا ہے ملےگا.

اور باقي تركہ ( 18000– 7500 = 10500 ) كوتين حصوں ميں تقسيم كيا جائےگا :

ايك تہائي عورت كو ملےگا جو ( 3500 ) بنتا ہے

اور دوتہائي مرد كوملےگا جو ( 7000 ) بنتا ہے .

واللہ اعلم .